V

SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵۵	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۱ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۷ جون سنہ ۱۹۴۲ء	نمبر ۱۳

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

ایجنٹ صاحب امپیریل بنک نے چٹھی ارسال کی ہے کہ آفیسر صاحبان ریاست جن کے حسابات سرکاری حسابات کھلے ہوتے ہیں وہ اپنے ذاتی چکوں میں بھی دستخط کے نیچے عہدہ تحریر فرما دیتے ہیں جس سے مشکلات اور حسابی الجھن پیدا ہونے کا احتمال ہے چونکہ نجی چکوں پر عہدہ کا تحریر ہونا چنداں ضروری نہیں ہے اور اس سے غلط فہمی کا امکان پیدا ہوتا ہے اس لئے ضرورت ہے کہ جملہ افیسر صاحبان کی توجہ اس جانب مبذول کرائی جائے کہ نجی اور ذاتی چکوں کے نیچے عہدہ کی مہر لگانا مناسب نہیں ہے۔

لہذا

جملہ عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں تصدیعہ دیا جائے کہ براہ کرم آفیسر صاحبان صیغہ جات متعلقہ کو اس بارہ میں مطلع فرما دیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۴ر جون سنہ۱۹۴۳ء

دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب کنٹرولر سول ڈیفنس

حکم

۱۱ر جون سنہ۱۹۴۳ء

باستعمال اختیارات بحکومت قاعدہ ۱۵ (۱) قواعد تحفظ ہندوستان جو تفویض شدہ بحکم اسٹیٹ کونسل نمبری ۵۹۵ مورخہ ۱۰ر مارچ سنہ۱۹۴۲ء مجریہ اسٹیٹ گزٹ مورخہ ۲۱ر مارچ سنہ۱۹۴۲ء ہم آر۔ ایچ۔ سلوے کنٹرولر سول ڈیفنس اپنو مندرجہ ذیل احکام نافذ کرتے ہیں:-

(۱) (الف) شہر کے تمام چاہات اور ہینڈ پمپس جو پبلک کی نجی ملکیت ہیں اور زنانہ مکانات کے باہر ہیں ہر وقت صاف اور قابل استعمال حالت میں رکھے جائیں انکو غلاظت کوڑا اور گھاس وغیرہ کے گرنے اور سڑنے سے محفوظ اور صاف رکھا جائے تاکہ پانی پینے یا ہنگامی حالات میں آگ بجھانے کے لئے استعمال کئے جاسکیں۔

(ب) ایسے تمام چاہات اور ہینڈ پمپس جو بالکل درست حالت میں رکھے جائیں مناسب اوقات میں سول ڈیفنس کی جماعتوں اور پولیس اور اُن کے احکام کے بموجب عام پبلک کے استعمال میں لانے دیئے جائیں۔

(ج) وہ تمام چاہات اور ہینڈ پمپس جو نجی ملکیت ہیں ان کو اُن کے مالکان یا نگراں مندرجہ صدر حکم کے بموجب درست و کارآمد حالت میں رکھیں اور ایسے چاہات و ہینڈ پمپس کو جن کا کوئی دعوے دار نہو میونسپلٹی صاف رکھے گی اور وہ میونسپلٹی کی ملکیت تصور ہوں گے۔

(۲) جو شخص اس حکم کی خلاف ورزی کرے گا وہ مجرم ثابت ہونے پر سزائے قید کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد ایک ماہ تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

دستخط عالی مرتبت آر۔ ایچ۔ سلوے صاحب بہادر
او۔ بی۔ ای۔ آئی۔ سی۔ ایس۔
کنٹرولر سول ڈیفنس۔ ریاست رامپور

ORDER

In exercise of the power conferred by Rule 51 H of the Defence of India Rules, Rampur which by virtue of the State Council Order No. 595 dated 17th March, 1942, and published in the State Gazette dated 18th March, 1942, is exercisable by me, I, R. H. Saloway, Controller Civil Defence, Rampur, hereby make the following orders :—

1. (a) All the wells and the hand pumps belonging to private owners that are situated outside the Zanana houses in the town shall be kept in good order clear of silt, refuse and decaying vegetation and will be protected from contamination, so that they may be used for the purpose of drinking water or as a source of water supply for extinguishing fires in times of emergency.

(b) These wells and the hand pumps shall be made available at all reasonable times for the use of Civil Defence Services and Police and under their orders for the use of the general public

(c) The wells and the hand pumps will be kept in order as aforesaid by the owners of the wells or hand pumps or by person having control over them. The wells and the hand pumps which are not claimed by any person will be cleaned by Municipality and will be presumed to be its property.

2. Any person who contravenes any of the provisions of this order shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to one month or with fine or both.

(Sd.) R. H. SALOWAY,
O. B. E., I. C. S.,

Controller Civil Defence.

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور } واقع ۲۵ جون ۱۹۲۲ء

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور جن ابتدا ۱۰ لغایت ۲۴ جون ۱۹۲۲ء بغرض اشاعت گزٹ بجناب [illegible] صاحب سیشن جج مرسلہ [illegible]

تاریخ	نام اجلاس	نام فریقین	کیفیت مقدمہ	حکم
۱۰ جون ۱۹۲۲ء	کنفیل جج عالیجناب مرزا حشمت [illegible]	سعد الحسن خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری ۱۱۴ تعزیرات رامپور	اپیل نامنظور ہو۔
"	"	"	"	ایضاً
"	عالیجناب صاحب حبیب حشمت [illegible]	مہربانیخاں وغیرہ بنام سماۃ مصری	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۴۹۸ تعزیرات رامپور	اپیل ہذا منظور ہو کر ملزمان اپیلانٹان جرم دفعہ ۴۹۸ تعزیرات رامپور سے بری ہوں۔
"	"	سماۃ مصری بنام مہربانیخاں وغیرہ	نگرانی ازدیاد سزا بجرم دفعہ ۴۹۸ تعزیرات رامپور	نگرانی ازدیاد سزا نامنظور ہو کر خارج ہو
"	"	مہربان علی خاں وغیرہ بنام پیارے	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible] تعزیرات رامپور	اپیل ہذا نامنظور ہو کر خارج ہو۔
"	"	پیارے بنام مہربانیخاں وغیرہ	نگرانی ازدیاد سزا بجرم دفعہ [illegible] تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا خارج ہو کر داخل دفتر ہو۔
"	عالیجناب مرزا حشمت [illegible] محمود شاہ خاں صاحب بہادر	غلام محی الدین خاں بنام عبد المجید خاں وغیرہ	اپیل اول دیوانی تقسیم ترکہ	بحث ختم ہوئی بقیہ بحث کی سماعت کے لیے مسل کل پیش ہو۔
۱۲ جون ۱۹۲۲ء	"	"	"	بحث فریقین ختم ہوئی مسل زیر تجویز ہے۔
"	عالیجناب صاحب حبیب حشمت بہادر [illegible]	الطاف الرحمان بنام [illegible] واحد علی خاں	اپیل اول دیوانی استقرار حق	" " " بحث سماعت ہوئی
"	"	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی [illegible]	بحث سماعت ہوئی مسل ہذا زیر تجویز ہے۔
"	عالیجناب [illegible]	حسن [illegible] بنام [illegible]	اپیل اول دیوانی قیمت [illegible]	اپیل ہذا وکراس آبجکشن دونوں نامنظور ہو کر تجویز ڈگری عدالت ماتحت بحال رہے [illegible]
"	"	منّی اپیلانٹ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۴۶۷ تعزیرات رامپور	اپیل اس حد تک منظور ہو کہ بہ ثبوت جرم دفعہ ۴۶۷ تعزیرات رامپور ملزم اپیلانٹ بجائے ایک سال کے چھ ماہ قید سخت کی سزا یاب ہو۔
۱۴ جون ۱۹۲۲ء	عالیجناب [illegible] عالیجناب صاحب حبیب حشمت بہادر	[illegible] بنام حبیب [illegible]	ابتدائی دیوانی [illegible]	بحث وکیل مدعی سماعت ہوئی بقیہ بحث کی سماعت کیلئے مسل کل پیش ہو۔
"	عالیجناب [illegible]	[illegible] بنام [illegible] وغیرہ	نگرانی ازدیاد سزا بجرم دفعہ ۵۰۰ تعزیرات رامپور	نگرانی ہذا خارج ہو۔
"	"	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ [illegible] تعزیرات رامپور	
"	"	[illegible] خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۵۰ ایکٹ آبکاری	نگرانی سائل [illegible] اس حد تک منظور ہو [illegible] سائل [illegible] دفعہ ۵۰ قانون آبکاری [illegible] سزا یاب ہو [illegible] ایک ماہ قید سخت میں [illegible] ملزم کی ضمانت [illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں۔
"	عالیجناب [illegible]	قادر بخش بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible] تعزیرات	اپیل نامنظور ہو۔ ملزم حراست میں لیا جائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۱۷ جون ۱۹۲۲ء	"	[illegible] بنام سرکار بہادر	" " "	اپیل نامنظور ہو
"	عالیجناب مرزا حشمت [illegible] محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سعادت الله خاں بنام حبیب الله خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی بابت [illegible]	بحث وکیل مدعی ختم ہوئی۔ برائے بحث وکیل مدعا علیہ ۲۴ جون ۱۹۲۲ء مقرر ہو۔
۱۹ جون ۱۹۲۲ء	عالیجناب مرزا حشمت [illegible] شریف الله صاحب بہادر	پیارے میاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳ تعزیرات رامپور	اپیل ہذا نامنظور ہو۔ ملزم واپس جیل ہو۔
"	عالیجناب [illegible]	[illegible] اپیلانٹ بنام [illegible] وغیرہ	اپیل اول دیوانی	اپیل منظور ہو۔
"	"	سعادت الله خاں بنام حبیب [illegible]	ابتدائی دیوانی [illegible]	بحث وکیل مدعا علیہم ختم ہوئی بقیہ بحث کیلئے مسل کل پیش ہو۔
"	عالیجناب مرزا حشمت [illegible] شریف الله صاحب بہادر	[illegible] بنام [illegible] وغیرہ	[illegible] اپیل دستم	[illegible] ڈگری [illegible] داخل ہو گئی۔ مقدمہ داخل دفتر ہو۔
"	عالیجناب مرزا حشمت [illegible]	محمد یار خاں وغیرہ بنام جمال الدین خاں	اپیل اول دیوانی	عدالت ماتحت ان تنقیحات کو فریقین کی شہادت کے بعد ۲ ماہ میں تجویز کرے گی اور اپنی تجویز عدالت ہذا کو ارسال کرے گی بعد آنے تجویز کے فریقین کو [illegible] واسطے داخل کرنے اعتراضات کے ملیں گے خرچہ مقدمہ نتیجہ پر عائد ہوگا۔
۲۰ جون ۱۹۲۲ء	عالیجناب مرزا حشمت [illegible] شرافت الله صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام [illegible] وغیرہ [illegible]	سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	بحث وکلائے فریقین سماعت ہوئی مسل ہذا بجائے صدور تجویز بتاریخ ۲۴ جون ۱۹۲۲ء پیش ہو
۲۴ جون ۱۹۲۲ء	عالیجناب صاحب حبیب حشمت بہادر	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی دیوانی	نگرانی ہذا نامنظور ہو کر حکم [illegible] نگرانی عدالت ماتحت بحال رہے خرچہ اس نگرانی کا غالب کو مطلوب ادا کرے گا۔ مسل بجائے کارروائی اشتہار عدالت [illegible] کو مرسل ہو۔

نتیجہ امتحان سالانہ ہیگ ٹیچرس ٹریننگ اسکول رامپور

سنہ ۴۲-۱۹۴۱ء

نمبر شمار	نام استاد	نظری	پوزیشن	عملی	پوزیشن	کیفیت
۱	منشی امین الدین خاں	II	دوم	II	اول	منشی دلدار علی و احمد اللہ خاں و امین میاں کے نمبر عملی امتحان میں برابر ہیں۔
۲	″ محمد علی	III		II		
۳	″ دلدار علی	I	اول	II	دوم	
۴	″ محمد امین	III		II		
۵	″ احمد شاہ خاں	III		III		
۶	″ ظفر احمد	III		III		
۷	″ منور علی خاں	III		III		
۸	″ شاہ عالم خاں	III		III		
۹	″ ریاض الحسن	III		III		
۱۰	″ حکمت اللہ	III		III		
۱۱	″ ڈالچند	III		III		
۱۲	″ محبوب علی خاں	II		II	سوم	
۱۳	″ عبد الحمید	III		III		
۱۴	″ محمد صدیق	III		III		
۱۵	″ حفیظ احمد خاں	III		III		
۱۶	″ سورج بلی	III		III		
۱۷	″ مہدی حسن	II	سوم	II	۳	منشی مہدی حسن و اکرام اللہ خاں کے نمبر نظری امتحان میں برابر ہیں
۱۸	″ حبیب اللہ خاں	III		II		
۱۹	″ یوسف حسین	II		III		
۲۰	″ اکرام اللہ خاں	II	سوم	III		
۲۱	″ احمد اللہ خاں	III		II	دوم	سوم
۲۲	″ امین میاں	II		II	دوم	دوم

حکم اجلاس صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت

اعلان

کاشتکاران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امسال بوجہ جنگ دیسی کپاس دوسرے ممالک کو جانا بند ہوگئی ہے اس وجہ سے یقینی طور پر معلوم ہے کہ دیسی کپاس بہت ارزاں فروخت ہوگی۔ لہذا محکمۂ زراعت کسانوں کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ اس سال دیسی کپاس اپنی ضروریات سے زیادہ نہ بوئیں تاکہ نقصان سے محفوظ رہیں۔ جو رقبہ دیسی کپاس کیلئے چھوڑا گیا ہے۔ اُنمیں امریکن کپاس چلسن یا اناج مثلاً دہان۔ مکا۔ جوار وغیرہ جنکی قیمت آجکل اچھی ملتی ہے۔ بوکر فائدہ اُٹھائیں۔

(حسب حکم ڈائرکٹر بہادر زراعت)

تصحیح

ترمیم قواعد منظورہ زیر دفعہ ۳ قانون پیداوار زراعتی (درجہ بندی و نشاندہی) ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء مطبوعہ گزٹ ۳۰ مئی سنہ ۱۹۴۲ء صفحہ ۲۷ منقولہ حصہ سوم کے قاعدہ ۲ - قاعدہ (۴) نشانات کے بعد لفظ ’موسمی‘ کے بجائے ’موسوی‘ صحیح ہے۔ اور اسی قاعدہ ۴ کی عبارت میں جو لفظ ’RAMPUR‘ کاموں میں درج گزٹ ہے اسکے بجائے ’’ اور لفظ RAMPUR ‘‘ کاموں میں صحیح ہے۔

(سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس)

نقشہ موسمی حالات جو روزانہ صبح ۸ بجے پولیس ہیڈکوارٹر پر نوٹ کئے گئے

تاریخ	سمت ہوا	بیرومیٹر	بارش				درجہ حرارت				[illegible]	موسمی حالت
			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱۱ جون	مشرق	۲۸.۰۱	کچھ نہیں	-	۶.۶۳	۶.۵۵	۹۲ درجہ	۸۴ درجہ	۱۱۱ درجہ	۵ فیصدی		آسمان صاف رہا۔
۱۲ ″	″	۲۸.۹۰	″	-	۶.۶۳	۶.۵۵	۹۰ ″	۸۸ ″	۱۱۲ ″	۳۳ ″		″ ″ ″
۱۳ ″	جنوب مشرق	۲۹.۰۱	″	-	۶.۶۳	۶.۵۵	۸۸ ″	۸۳ ″	۱۰۸ ″	۵۰ ″		″ ″ ″
۱۴ ″	″ ″	۲۹.۰۱	″	-	۶.۶۳	۶.۶۵	۹۲ ″	۸۳ ″	۱۰۷ ″	۴۶ ″		″ ″ ″
۱۵ ″	شمال مشرق	۲۹.۰۴	۱ر	۱ر	-	۶.۶۵	۷۸ ″	۷۶ ″	۱۰۰ ″	۸۳ ″		دن کو ۶ بجے خوب تیز آندھی آئی لیکن تقریباً ۸ بجے تک
۱۶ ″	جنوب مغرب	۲۹.۰۶	کچھ نہیں	۱ر	-	۶.۶۵	۹۲ ″	۷۹ ″	۱۰۴ ″	۵۸ ″		آسمان صاف رہا۔ دن میں ابر آلود رہا۔
۱۷ ″	شمال مشرق	۲۸.۹۶	″	۱ر	-	۶.۶۵	۹۰ ″	۷۶ ″	۱۱۰ ″	۴۵ ″		آسمان صاف رہا گرم ہوائیں چلیں۔

نقشہ موسمی حالات جو روزانہ صبح آٹھ بجے پولیس ہیڈکوارٹر پر نوٹ کئے گئے

تاریخ	سمت ہوا	بیرومیٹر	بارش			درجہ حرارت				[illegible]		موسمی حالت
			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			
۱۸ جون	جنوب مشرق	۲۸.۹۲	کچھ نہیں	۱ر	۶.۶۵	۹۰ درجہ	۸۴ درجہ	۱۱۳ درجہ	۵۱ فیصدی			آسمان صاف رہا۔
۱۹ ″	شمال مشرق	۲۹.۰۰	″	۱ر	۶.۶۵	۹۰ ″	۸۴ ″	۱۱۲ ″	۵۷ ″			″ ″ ″
۲۰ ″	جنوب مشرق	۲۹.۰۲	″	۱ر	۶.۶۵	۹۳ ″	۸۵ ″	۱۰۳ ″	۵۲ ″			″ ″ ″
۲۱ ″	مشرق	۲۸.۹۲	″	۱ر	۶.۶۵	۹۳ ″	۸۷ ″	۱۰۶ ″	۵۸ ″			″ ″ ″
۲۲ ″	″	۲۸.۹۹	۴۶ر	۴۸ر	۸.۴۸	۷۸ ″	۷۵ ″	۱۰۹ ″	۹۱ ″			آسمان ابر آلود رہا تقریباً آدھی رات سے بارش شروع ہوئی۔
۲۳ ″	مشرق جنوب	۲۸.۹۳	۴ر۴	۵.۱۵	۱۲.۶۳	۷۸ ″	۷۴ ″	۸۲ ″	۹۵ ″			آسمان ابر آلود رہا تقریباً آدھی رات سے بارش شروع ہوئی جو تاحال برستی رہی۔
۲۴ ″	شمال مشرق	۲۸.۸۹	۳.۳۱	۸.۴۶	۱۴.۰۳	۸۰ ″	۷۵ ″	۸۲ ″	۹۱ ″			آسمان ابر آلود رہا ... [illegible]

[illegible] ماہ جون ۱۹۴۲ء

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

رپورٹ ہفتہ وار امراض وبائی۔ لغایۃ ۲۰ جون ۱۹۴۲ء

مقام	طاعون		ہیضہ		چیچک	
	مبتلا	اموات	مبتلا	اموات	مبتلا	اموات
شہر	نہیں	نہیں	نہیں	نہیں	نہیں	نہیں
مضافات	″	″	″	″	″	″